الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 27 ستمبر، 2017

الیکشن کمیشن کے ترجمان نے ملی مسلم لیگ کے حوالے سے میڈیا میں گردش کرنے والی خبروں کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس نام کی کوئی پارٹی ابھی تک الیکشن کمیشن میں رجسٹرڈ نہیں ہوئی ہے۔اس کی رجسٹریشن کا کیس ابھی زیر سماعت ہے اور فی الحال الیکشن کمیشن نے اس پر کوئی فیصلہ نہیں کیا۔الیکشن کمیشن ابھی کیس کو دیکھ رہا ہے اس سلسلے میں چند وضاحتیں وزرات داخلہ سے بھی مانگی گئی تھیں جواب موصول ہو چکا ہے ۔اس کیس کو مد نظر رکھا جارہا ہے۔ حلقہ این اے 120 لاہور کے ضمنی انتخاب میں ملی مسلم لیگ کی طرف سے کسی امیدوار نے الیکشن میں حصہ نہیں لیا۔البتہ شیخ محمد یعقوب نے آزاد حیثیت سے الیکشن میں حصہ لیااور اسکو آزاد امیدوار کا ہی انتخابی "انرجی سیور"نشان دیا گیا۔چونکہ ملی مسلم لیگ ابھی تک رجسٹرڈ نہیں ہوئی اس لئے اس کو کوئی بھی پارٹی نشان نہیں دیا گیا۔اس کیس کی سماعت مکمل ہونے کے بعد قانون کے مطابق الیکشن کمیشن اس کا فیصلہ کرے گا۔اس وقت ملی مسلم لیگ نامی کوئی پارٹی الیکشن کمیشن کے پاس رجسٹرڈ نہیں ہے۔

اس سلسلے میں وضاحت کی جاتی ہے کہ ملی مسلم لیگ نے پارٹی رجسٹریشن کے لئے الیکشن کمیشن میں درخواست 9 اگست 2017ء کو جمع کرائی ہے جس کا کیس ابھی الیکشن کمیشن میں زیر سماعت ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆